Downloaded From : https://cbseportal.com/papers

# Sample Question Paper (2025)
## Subject: Urdu Elective
## Class: XII

Time: 3Hrs — M.M.80

| | | |
|---|---|---|
| | Section-A: Textbook & Supplementary reader (50 Marks)<br>حصہ۔الف: درسی اور معاون درسی کتب(50 نمبر) | |
| 5x2=10 | درج ذیل درسی نثری اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔<br>اس کانفرنس کی روداد مجھے یاد نہیں۔ ممکن ہے فیض کو یاد ہو یا ان کے پاس کانفرنس کی تجاویز اور بحثوں کی رپورٹ محفوظ ہو، لیکن میرا خیال ہے کہ اس کانفرنس کی روداد سے زیادہ اہم اس کا ماحول اور اس کی فضا تھی۔ مجھے ابھی تک یاد ہے کہ اس کانفرنس کی بے سروسامانی اور بے ترتیبی پر مجھے کس قدر جھنجھلاہٹ اور بے اطمینانی ہوئی تھی۔ اس ہنگامے میں سنجیدہ ادبی بحث ممکن نہ تھی مگر ادب میں محض سنجیدگی ہی کی تو ضرورت نہیں۔ درمیانہ طبقے کے دانشور جو اپنے کو عام طور سے تنہا، کمزور اور بے بس تصور کرتے ہیں، کیا محنت کش عوام کے مجمعے کی طاقت سے اپنی روح اور نفس کو تازہ اور جاندار بنانا نہیں چاہتے؟ بوڑھے، نوجوان اور درمیانہ عمر کے محنت کشوں کی ہزاروں آنکھیں چاروں طرف سے تعجب اور ہمدردی کے ساتھ جلیانوالہ باغ کے چبوترے پر بیٹھے ہوئے اس مجمعے کو دیکھ رہی تھی۔ ان کی سمجھ میں ان کی بہت سی باتیں نہ آتی ہوں، لیکن وہ جانتے تھے کہ یہ ادیب ان کی طرف ہے، یہ ان کے ساتھ ہیں۔ ان کے دل میں یہ خواہش ضرور ہوگی کہ کاش یہ ایسی زبان میں بات کرتے جو ان کی سمجھ میں پوری طرح آتی۔ | سوال نمبر۔1 |
| | درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟ | (i) |
| | اس اقتباس میں کس کانفرنس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟ | (ii) |
| | ہنگامے میں سنجیدہ بحث کیوں ممکن نہیں تھی؟ | (iii) |
| | دانشور کس طبقے سے تعلق رکھتے تھے؟ مجمعے کی طاقت ان کے کس کام آسکتی ہے؟ | (iv) |
| | اس اقتباس میں ”ان کے“ یا ”ان کی“ کئی مرتبہ آیا ہے۔ یہ کن کے لیے استعمال کیا گیا ہے؟ | (v) |
| | (OR)یا | |



Downloaded From : https://cbseportal.com/papers

| | | |
|---|---|---|
| | رات کتنی گزر چکی تھی اب کچھ یاد نہیں صرف اتنا یاد ہے ہم عبداللہ پور (جمنا نگر) کے اسٹیشن پر اترے تھے۔پلیٹ فارم پر لگی ہوئی مٹی کے تیل کی لالٹینیں اجالا کرنے کی پوری کوشش کر رہی تھیں۔اس کے باوجود گرد و پیش پر اندھیرا غالب تھا۔میرے پاس ایک ٹین کا صندوق تھا جس کی بناوٹ ایسی تھی جیسے جسم پر آبلے پڑ جاتے ہیں۔جگہ جگہ سے اٹھا ہوا تھا۔ابا نے وہ صندوق میرے سر پر رکھ دیا اور باقی سامان خود اٹھا لیا اور ہم اسٹیشن سے باہر نکل کر بغیر کوئی سواری لیے ہوئے،ایک لمبی سڑک پر چل کھڑے ہوئے۔ہم کہاں جا رہے تھے،مجھے کچھ معلوم نہیں تھا۔پچھلا گاؤں ہم جہاں سے چلے تھے،اس کا نام کمباسی تھا۔اس گاؤں کے بارے میں ایسی کوئی تفصیل نہیں جو دلچسپ ہو۔ایسا بھی کوئی واقعہ نہیں جو بہت اہم ہو،سوا اس بات کے کہ جس گھر میں ہم رہتے تھے کہا جاتا تھا وہاں آسیب کا اثر ہے۔رضوان پیدا ہوا تھا جو تقریباً ہفتہ بھر یا پندرہ دن زندہ رہ کر مر گیا تھا۔اپنے اس چھوٹے بھائی سے مجھے اتنا لگاؤ ہو گیا تھا کہ میں اس کی قبر پر چلا جاتا تھا اور وہاں بیٹھے روتا رہتا تھا۔<br>درج بالا اقتباس کا تعلق کس صنف سے ہے؟اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟<br>عبداللہ پور اسٹیشن کا منظر کیسا تھا؟<br>"جسم پر آبلے پڑ جاتے ہیں" سے کیا مراد ہے؟<br>کمباسی سے متعلق اہم بات کیا تھی؟<br>رضوان کون تھا؟مصنف اس کی قبر پر کیوں جاتا تھا؟ | (i)<br>(ii)<br>(iii)<br>(iv)<br>(v) |
| 1x5=5 | درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو(100)الفاظ میں لکھیے۔<br>طنز و مزاح کی روایت پر مختصر نوٹ لکھیے۔<br>احمد جمال پاشا نے کلیم الدین احمد کی تنقید کی کن خصوصیات کا ذکر کیا ہے؟ | سوال نمبر۔2<br>(i)<br>(ii) |
| 2x2.5=5 | درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے مختصر جواب لکھیے۔<br>سید احتشام حسین نے خوجی کا حلیہ کس طرح بیان کیا ہے؟<br>افسانہ فوٹو گرافر میں کن سیاحوں کا ذکر کیا گیا ہے؟<br>اختر الایمان کے گاؤں کا نام کیا تھا؟انھیں وہاں کی کیا چیزیں پسند تھیں؟<br>رپورتاژ "پودے" میں کرشن چندر نے مولانا حسرت موہانی کے بارے میں کیا رائے قائم کی ہے؟ | سوال نمبر۔3<br>(i)<br>(ii)<br>(iii)<br>(iv) |
| 5x2=10 | درج ذیل درسی شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس متعلق پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔<br>زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہوگی | سوال نمبر۔4 |

Download FREE CBSE E-BOOKS
FREE!
CLICK HERE

Downloaded From : https://cbseportal.com/papers

شام آئی ہے تو آئے کہ سحر بھی ہو گی
پرسشِ غم کو وہ آئے تو اک عالم ہو گا
دیدنی کیفیتِ قلب و جگر بھی ہو گی
منزلِ عشق پہ یاد آئیں گے کچھ راہ کے غم
مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گردِ سفر بھی ہو گی
ہو گا افسردہ ستاروں میں کوئی نالہ صبح
غنچہ و گل میں کہیں بادِ سحر بھی ہو گی
دل اگر دل ہے تو جس راہ پہ لے جائے گا
درد مندوں کی وہی راہ گزر بھی ہو گی

درج بالا شاعری کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے؟ (i)
پہلے شعر میں کون سی صنعت ہے؟ (ii)
دیدنی کیفیتِ قلب و جگر سے کیا مراد ہے؟ (iii)
تیسرے شعر میں گردِ سفر سے کس طرف اشارہ ہے؟ (iv)
درد مندوں کی کون سی راہ گزر ہو گی؟ (v)

یا (OR)

وداعِ روزِ روشن ہے گجر شام غریباں کا
چراگاہوں سے پلٹے قافلے وہ بے زبانوں کے
قدم گھر کی طرف کس شوق میں اُٹھتا ہے دہقاں کا
یہ ویرانہ ہے، میں ہوں، اور طائر آشیانوں کے

اندھیرا چھا گیا، دنیا نظر سے چھپتی جاتی ہے
جدھر دیکھو اٹھا کر آنکھ اُدھر اک ہو کا ہے عالم
مگس لیکن کسی جا بھیرویں بے وقت گاتی ہے
جرس کی دور سے آواز آتی ہے کبھی پیہم

درج بالا اشعار کس صنف سے تعلق رکھتے ہیں اور ان کے شاعر کا نام کیا ہے؟ (i)
بے زبانوں سے کس کی طرف اشارہ ہے اور وہ چراگاہوں سے کیوں پلٹے ہیں؟ (ii)
(iii)



Downloaded From : https://cbseportal.com/papers

| | | |
|---|---|---|
| | دنیا کے چھپ جانے کا کیا مطلب ہے؟<br>مگس کے بھیرویں گانے سے کیا مراد ہے؟<br>معنی لکھیے: دہقاں۔طائر | <br>(iv)<br>(v) |
| 1x5=5 | درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو(100)الفاظ میں لکھیے۔<br>نظم ''زندگی سے ڈرتے ہو'' کے شاعر کا نام کیا ہے؟ اس نظم سے کیا پیغام ملتا ہے؟<br>غزل کی خصوصیات اور اس کی ہیئت پر ایک نوٹ لکھیے۔ | سوال نمبر۔5<br>(i)<br>(ii) |
| 2x2.5=5 | درج ذیل سوالات میں سے صرف دو مختصر جواب لکھیے۔<br>انگریز شاعر تھامس گرے کی کس نظم کا ترجمہ نظم طباطبائی نے کیا ہے؟<br>''خود اپنی زندگی کا معمار بن رہا ہوں'' نظم ارتقا کے اس مصرعے کا مفہوم کیا ہے؟<br>ایک لگی کے دو ہیں اثر اور دونوں حسبِ مراتب ہیں<br>لو جو لگائے شمع کھڑی ہے، رقص میں ہے پروانہ بھی<br>اس شعر کے پہلے مصرے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟<br>جاں نثار اختر کی غزل کی روشنی میں ''گل رنگ دریچوں'' کا مطلب بیان کیجیے۔ | سوال نمبر۔6<br>(i)<br>(ii)<br>(iii)<br><br><br>(iv) |
| 1x4=4 | درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے لکھیے۔<br>''جلتی جھاڑی'' کا خلاصہ لکھیے۔<br>''جنم دن'' کے مرکزی کردار کی معاشی حالت بیان کیجیے۔ | سوال نمبر۔7<br>(i)<br>(ii) |
| 2x3=6 | درج ذیل میں سے صرف دو سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔<br>چیرویاکوف کون تھا؟<br>کہانی ''کلرک کی موت'' کے کردار جنرل بریژالوف پر اپنی رائے پیش کیجیے۔<br>افسانہ ''جنم دن'' کے اختتام پر مصنف کو کھانا کس طرح حاصل ہوتا ہے؟<br>جلتی جھاڑی کے مصنف نرمل ورما کا مختصر تعارف پیش کیجیے۔ | سوال نمبر۔8<br>(i)<br>(ii)<br>(iii)<br>(iv) |
| | Section-B:History of Urdu Literature (30 Marks)<br>حصہ۔الف: اردو ادب کی تاریخ (30نمبر) | |
| 3x5=15 | درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے۔<br>دبستان کسے کہتے ہیں؟ دبستانِ دہلی اور دبستانِ لکھنو میں سے کسی ایک کا تعارف پیش کیجیے۔<br>فورٹ ولیم کالج کے قیام میں گورنر جنرل ویلزلی اور ڈاکٹر جان گلکرسٹ کا کیا رول تھا؟<br>سرسید کی سائنٹفک سوسائٹی پر ایک نوٹ لکھیے۔<br>ترقی پسند تحریک سے منسلک پانچ ادیبوں کے نام لکھیے۔<br>اردو زبان کے آغاز پر روشنی ڈالیے۔ | سوال نمبر۔9<br>(i)<br>(ii)<br>(iii)<br>(iv)<br>(v) |



Downloaded From : https://cbseportal.com/papers

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر-10 | درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ | 2x5=10 |
| (i) | اقبال کے فلسفۂ خودی پر روشنی ڈالیے۔ | |
| (ii) | ’’غالب کا سب سے بڑا نثری کارنامہ ان کے خطوط ہیں‘‘ اس قول کی وضاحت کیجیے۔ | |
| سوال نمبر-11 | درج ذیل سوالات کے متبادل جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔ | 5x1=5 |
| (i) | ’’عودِ ہندی‘‘ اور اردوئے معلّٰی‘‘ کیا ہیں؟ | |
| (a) | افسانوں کا مجموعہ | |
| (b) | خطوط کا مجموعہ | |
| (c) | ناولوں کے نام | |
| (d) | شاعری کا مجموعہ | |
| (ii) | تنقید نگاری کے لیے کون مشہور ہے؟ | |
| (a) | اسداللہ خاں غالب | |
| (b) | اقبال | |
| (c) | اقبال مجید | |
| (d) | احتشام حسین | |
| (iii) | 1934 کس کی پیدائش کا سال ہے؟ | |
| (a) | اقبال مجید | |
| (b) | مولانا حالی | |
| (c) | غالب | |
| (d) | پنڈت رتن ناتھ سرشار | |
| (iv) | خواجہ حسن نظامی کے انشائیہ کا نام کیا ہے؟ | |
| (a) | مچھر | |
| (b) | غالب جدید شعرا کی ایک مجلس میں | |
| (c) | زرد پتّوں کی بہار | |
| (d) | روشنائی | |
| (v) | علی حیدر نظم طباطبائی کا تخلص کیا ہے؟ | |
| (a) | علی | |
| (b) | حیدر | |
| (c) | نظم | |
| (d) | طباطبائی | |

Download FREE CBSE E-BOOKS FREE! CLICK HERE